تعارف کتب

بائبل سے قرآن تک

جلد اوّل

مولانا رحمت اللہ کیرانوی مہاجر مکی ـــــ تحقیق و تشریح: مولانا محمد تقی عثمانی۔

ناشر: مکتبہ دار العلوم کراچی ۱۴

صفحات ۶۱۲ ـــــ قیمت مجلد ۱۵ روپے

برصغیر میں کم و بیش ایک صدی قبل انگریز کی بدولت عیسائیت اور عیسائی مشنریوں کا ایک طوفان امڈ آیا تھا، علماء حق کا جو گروہ اس کی راہ میں آہنی دیوار بن کر کھڑا ہوا، اس کے سرخیل مولانا رحمت اللہ کیرانوی (ف ۱۳۰۸ھ) تھے۔ عیسائیت کی تردید و تعاقب میں انہوں نے اظہار الحق نام سے جو وقیع اور بلند پایہ کتاب لکھی، بلاشبہ اس موضوع پر متقدمین اور متاخرین کی تمام لکھی ہوئی کتابوں میں اسے جو امتیاز حاصل ہوا اوروں کو نہیں ہوسکا، وجہ اسکی مولانا مرحوم کا خلوص، تبحر علمی، وسیع مطالعہ مخالف کے تمام دلائل اور عیسائیت کے اصل ماٰخذ پر گہری نظر قوت بیان ومناظرہ ژرف نگاہی اور بات سے بات نکالنے کا ملکہ تھا یہ کتاب عیسائی دنیا پر صاعقہ بن کر گری اور یورپ نے واویلا کیا، کہ اگر یہ کتاب دنیا میں پڑھی جاتی رہی تو عیسائیت کا نام بھی مٹ جائے گا، اصل کتاب عربی میں تھی، اب تک دنیا کی چھ زبانوں میں اس کے ترجمے ہوئے مگر اردو کا دامن اس گنج گرانمایہ سے اب تک خالی رہا۔ ایسے موقع پر جبکہ پاکستان میں فکری اور تبلیغی محاذ پر عیسائیت بڑی تیزی سے کام کر رہی ہے، دار العلوم کراچی نے اس کتاب کے اردو ترجمہ و تشریح کی خدمت انجام دے کر مسلمانوں پر بڑا احسان کیا ہے۔ اصل کتاب تین جلدوں اور چھ ابواب پر پھیلے گی، پیش نظر جلد اوّل کتاب سے متعلق اہم مباحث پر حاوی ایک مقدمہ اور ایک باب پر مشتمل ہے، جس میں بائبل کے درجہ استناد باہمی اختلافات اور فحش غلطیوں سے بحث کی گئی ہے۔ ترجمہ کی خدمت دار العلوم کے لائق استاذ مولانا اکبر علی نے انجام دی ہے مگر کتاب کی قیمت اور ظاہری ومعنوی قدر وقیمت کو جس چیز نے بڑھا دیا ہے وہ مولانا محمد تقی عثمانی مدیر البلاغ کا نہایت محققانہ اور جامع مدلل اور مبسوط مقدمہ ہے جس میں موجودہ عیسائیت کی حقیقت اور اس کے